NYC Public Schools
Chancellor David C. Banks

3 اپریل، 2023

عزیزی اہلِ خانہ،

محکمہ برائے صحت و دماغی صحت (DOHMH) اور مرکز برائے انسداد بیماری و بچاو (CDC) کے جاری کردہ رہنمائی کے تحت (cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/schools-childcare/k-12-childcare-guidance.html)، COVID-19 ٹیسٹ کٹس ہمارے اسکولوں میں دستیاب ہوں گے اور ان طلبا اور عملے کو درخواست کرنے پر تقسیم کیے جائینگے جنہیں اسکی کی علامات محسوس ہورہی ہیں اور / یا جنکا سامنا کسی ایسے فرد سے ہوا ہو جسے COVID-19 ہو گیا ہے۔ اس نئے طریقئہ کار کا آغاز 1 مئی سے ہوگا اور یہ ہر ایک طالب علم کو ایک مہینے میں چار ٹیسٹ کٹس خود بخود تقسیم کیے جانے کے سابقہ عمل کی جگہ لیگا۔

ہمیشہ کی طرح، ویکسینیشن COVID-19 کے پھیلاو کے خلاف ہمارا بہترین دفاع رہا ہے۔ ہم تمام طلبا کی مسلسل جدید ترین ویکسینیشن لگوانے اور کمرے کے اندر کی ترتیبوں میں ، خصوصاً تنفسی (رسپیریٹوری) وائرس کے موسم میں ماسک پہننے کی حوصلہ افزائی کرنا جاری رکھیں گے۔ برائے مہربانی تمام تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری اسکول کی صحت پالیسی کے صفحے پر جائیں: schools.nyc.gov/2023Health۔

6 مہینے اور اس سے بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے، براہِ مہربانی ایک وقت طے کرنے کے اس موقع کو استعمال کرنے کے لیے یہاں جائیں vaccinefinder.nyc.gov یا اپنے نزدیک ایک ویکسین سائٹ تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔ COVID-19 ویکسینیشن نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔

5 سالہ اور زائد عمر کا ہر فرد تجدید کردہ COVID-19 بوسٹر شاٹ لگوا سکتا ہے اگر انہوں نے اپنی آخری ویکسین کی خوراک کم از کم 2 مہینے پہلے موصول کی تھی۔ اہلیت کے حامل نیو یارک شہر کے شہریوں کو نیا دوگرفتہ (بائی ویلنٹ) بوسٹر لگوانا چاہئیے گوکہ انہوں نے پچھلی بوسٹر خوراکیں موصول کر لی ہیں۔ براہِ مہربانی COVID-19 ویکسینیشن شیڈولز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یہاں جائیں: cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/vaccines/stay-up-to-date.html

ہمارے لیے اپنے طلبا کی صحت اور حفاظت اہمیت رکھتے ہیں، اور ہم اپنے شہر، ریاست، اور وفاقی صحت کے اداروں کی رہنمائی کی پیروی کرنا جاری رکھیں گے۔ آپ کی مستقل شراکت کا شکریہ۔

بخلوص،

Tracy Agerton
نائب کمشنر
Office of School Health